Daily Based
DailyBased.com

Cambridge International A Level

**Cambridge International Examinations**
Cambridge International Advanced Level

**URDU** | **9686/04**

Paper 4 Texts | **May/June 2015**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*7010749957*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, glue or correction fluid.
DO **NOT** WRITE IN ANY BARCODES.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

**مندرجہ ذیل ہدایات غور سے پڑھیے**

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی میں مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کیجیے۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر جوابی کاپی پر لکھیے۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کا قلم استعمال کیجیے۔
اسٹیپل، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند، کریکشن فلوئڈ استعمال نہ کیجیے۔
بارکوڈ پر مت لکھیے۔

کوئی سے تین سوالوں کا جواب دیجیے لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیے۔
آپ کے لیے پہلے اور دوسرے حصے ایک ایک جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔
اپنے جوابات جواب لکھنے کی کاپی میں لکھیے۔
آپ کا ہر جواب 500 سے 600 الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ کو نصابی کتابیں متحان میں اپنے ساتھ لے سکتے ہیں لیکن ان پر کسی قسم کا نوٹ لکھنا منع ہے۔
آپ کو آپ کے جوابات کے درمیان یکساں طور پر آپ کے وقت کو تقسیم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

امتحان کے آخر میں تمام کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیجیے۔
اس پرچے میں دیے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (ST/SW) 103337/5
© UCLES 2015

CAMBRIDGE International Examinations

**[Turn over**

Daily Based
DailyBased.com

## پہلا حصّہ

### 1 غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(a)

بھلاتا لاکھ ہوں لیکن برابر یاد آتے ہیں
الٰہی ترکِ الفت پر وہ کیوں کر یاد آتے ہیں

نہ چھیڑ اے ہم نشیں کیفیتِ صہبا کے افسانے
شرابِ بے خودی کے مجھ کو ساغر یاد آتے ہیں

رہا کرتے ہیں قیدِ ہوش میں اے وائے ناکامی
وہ دشتِ خود فراموشی کے چکر یاد آتے ہیں

نہیں آتی تو یاد ان کی مہینوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں تو اکثر یاد آتے ہیں

حقیقت کھل گئی حسرتؔ ترے ترکِ محبت کی
تجھے تو اب وہ پہلے سے بھی بڑھ کر یاد آتے ہیں

حسرتؔ

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) ''حسرتؔ کی شاعری کا محور عشق و محبت کی داستان ہے۔'' مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) ''کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اور۔'' بحث کیجیے۔ [25]

© UCLES 2015 

Daily Based
DailyBased.com

2 نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

کھول آنکھ، زمیں دیکھ، فلک دیکھ فضا دیکھ    مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ
اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ    ایامِ جدائی کے ستم دیکھ، جفا دیکھ
بے تاب نہ ہو معرکۂ بیم و رجا دیکھ!

ہیں تیرے تصرف میں یہ بادل، یہ گھٹائیں    یہ گنبدِ افلاک، یہ خاموش فضائیں
یہ کوہ، یہ صحرا، یہ سمندر، یہ ہوائیں    تھیں پیشِ نظر کل تو فرشتوں کی ادائیں
آئینۂ ایّام میں آج اپنی ادا دیکھ

(اقبال)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) اس نظم میں شاعر انسان کو دعوت دیتا ہے کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو آزمائے اور سرخ رو ہو۔ آپ کے خیال میں شاعر اپنے اس مقصد میں کس حد تک کامیاب ہوا ہے؟

یا

(b) ''فیض کی شاعری میں ایک دعوتِ فکر و عمل ہے جس میں شاعرانہ حسن بھی موجود ہے۔'' بحث کیجیے۔ [25]

Daily Based
DailyBased.com

## 3 نظمیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(a)

جھٹپٹے کا نرم رو دریا، شفق کا اضطراب
کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب

دشت کے کام و دہن کو، دن کی تلخی سے فراغ
دور، دریا کے کنارے، دھندلے دھندلے سے چراغ

زیرِ لب، ارض و سما میں، باہمی گفت و شنود
مشعلِ گردوں کے بجھ جانے سے اک ہلکا سا دود

وسعتیں میدان کی، سورج کے چھپ جانے سے تنگ
سبزۂ افسردہ پر، خواب آفریں ہلکا سا رنگ

خامشی اور خامشی میں سنسناہٹ کی صدا
شام کی خنکی سے گویا دن کی گرمی کا گِلا

(جوشؔ ملیح آبادی)

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) مندرجہ بالا نظم جوشؔ کی شاعری کی کس حد تک نمائندگی کرتی ہے؟

یا

(b) ''اختر الایمان جدید شاعری میں ایک ممتاز مقام کے حامل ہیں۔'' تبصرہ کیجیے۔ [25]

© UCLES 2015

Daily Based
DailyBased.com

## دوسرا حصّہ

4 امراؤ جان ادا، مرزا رسوا

(a) ''لکھنؤ کا معاشرہ مکمل طور پر صرف مردوں کا معاشرہ تھا۔'' ناول کی روشنی میں اس بیان پر تفصیلی تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) ''طوائفوں کو محفلوں کی زینت بنانا تو لوگ فخر کی بات سمجھتے تھے مگر اپنے گھروں کی زینت بنانا اپنی توہین سمجھتے تھے۔'' بحث کیجیے۔

[25]

5 افسانے

(a) ''منٹو نے پاگلوں کے ذریعے ہوشمندوں کو آئینہ دکھایا ہے۔'' افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) وجوہات دے کر بتائیے کہ افسانہ کفن کیوں اس قدر مقبول ہوا۔

[25]

6 انارکلی

(a) ''ایک بیوی کا فرض ادا کرنے کی خاطر رانی نے اپنی مامتا قربان کر دی۔'' اس بیان پر تفصیلی تبصرہ کیجیے۔

یا

(b) ''ناگن کی دم پر کوئی پاؤں رکھ دے تو وہ کیا کیا کرتی ہے۔'' اس مکالمے کی روشنی میں دلآرام کے کردار پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

BLANK PAGE

**BLANK PAGE**

**BLANK PAGE**

Daily Based
DailyBased.com

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

To avoid the issue of disclosure of answer-related information to candidates, all copyright acknowledgements are reproduced online in the Cambridge International Examinations Copyright Acknowledgements Booklet. This is produced for each series of examinations and is freely available to download at www.cie.org.uk after the live examination series.

Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.